BLOCK 13 FB AREA
RESIDENTS WELFARE ASSOCIATION
TOGETHER WE CAN



# بلاک 13
# فیڈرل بی ایریا
# ریذیڈنٹس ویلفیئر
# ایسوسی ایشن

## سیکیورٹی و گورننس کا
## جامع منصوبہ

*In collaboration with*
**Deputy Commissioner**
**Central Karachi**
**Government of Sindh**

# سیکیورٹی اور گورننس کا جامع منصوبہ

## بلاک 13 فیڈرل بی ایریا ریذیڈنٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن

## 1. تعارف

بلاک 13 فیڈرل بی ایریا اس وقت ایک غیر معمولی اور تاریخی تبدیلی کے مرحلے سے گزر رہا ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ یہاں ڈپٹی کمشنر کراچی سینٹرل خود رہائش پذیر ہیں، جو کہ شہر کے کسی بھی رہائشی علاقے میں نہایت کم یاب بات ہے۔ اس منفرد صورتحال نے اس علاقے کو انتظامیہ کی خصوصی توجہ، تیز رفتار سرکاری معاونت، اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی ترجیحی مدد فراہم کی ہے۔ چنانچہ اسی ماحول میں اس کمیونٹی سیکیورٹی و گورننس منصوبے کا آغاز ہوا۔



یہ دستاویز منصوبے کے آغاز سے لے کر موجودہ پیش رفت، سیکیورٹی منصوبے، مالیاتی ڈھانچے، حکومتی معاونت اور مستقبل کی بہتری کے پہلوؤں کا جامع خلاصہ پیش کرتی ہے۔

## 2. منصوبے کا آغاز کیسے ہوا



رہائشیوں میں بڑھتی ہوئی سیکیورٹی خدشات، غیر منظم آمد و رفت اور بلاک کی عمومی صورتحال پر تشویش موجود تھی۔

چونکہ ڈپٹی کمشنر صاحب اسی بلاک کے رہائشی ہیں، اس لیے ان خدشات کو فوری حکومتی توجہ ملی اور مسئلے کے حل کے لیے رہائشیوں کو ایک نادر موقع فراہم ہوا کہ ایک ماڈل نیبرہڈ تشکیل دیا جائے۔

:ابتدائی میٹنگز میں رہائشیوں نے اتفاق کیا کہ

- علاقہ سیکیورٹی کو مکمل طور پر از سر نو منظم کیا جائے۔
- تمام 14 داخلی و خارجی راستوں کو ریگولیٹ کیا جائے۔
- ایک باضابطہ ویلفیئر ایسوسی ایشن تشکیل دی جائے جو اس منصوبے کو شفاف اور پائیدار بنیادوں پر چلائے۔

**یہی وہ فیصلے تھے جنھوں نے اس بڑے اقدام کا باقاعدہ آغاز کیا۔**

## 3. ویلفیئر ایسوسی ایشن کی تشکیل

مشاورت کے نتیجے میں رہائشیوں نے متفقہ طور پر:

- **بلاک 13 فیڈرل بی ایریا ریذیڈنٹس ویلفیئر ایسوسی ایشن**

قائم کی، تاکہ کمیونٹی کی سرگرمیوں کو منظم، شفاف اور ادارہ جاتی بنیادوں پر چلایا جا سکے۔

## 4. رینجرز، پولیس اور ضلعی انتظامیہ سے کوآرڈی نیشن

اس منصوبے کی سب سے بڑی قوت یہ ہے کہ یہ براہِ راست قانون نافذ کرنے والے اداروں اور ضلعی انتظامیہ کی سرپرستی میں آگے بڑھ رہا ہے، جس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ ڈپٹی کمشنر اسی بلاک کے رہائشی ہیں۔

### الف۔ رینجرز ہیڈکوارٹرز کی سپورٹ

- بلاک 13 میں تعینات رینجرز گارڈز کو **رینجرز ہیڈکوارٹرز** کی مکمل بیک اپ سپورٹ حاصل ہوگی۔
- کسی بھی ہنگامی صورتحال یا ناخوشگوار واقعے کی صورت میں ہیڈکوارٹرز سے **فوری رسپانس ٹیم** روانہ کی جائے گی۔
- اس طرح علاقے کو نہ صرف گارڈز بلکہ ادارہ جاتی سطح کی سیکیورٹی میسر ہوگی۔

### ب۔ ایس ایس پی ڈسٹرکٹ سینٹرل کی معاونت

- ایس ایس پی سینٹرل کی جانب سے **دو شاہین فورس موٹر بائیک یونٹس** بلاک 13 کے لیے مختص کیے جا چکے ہیں۔
- یہ یونٹس بلاک میں مسلسل گشت کر رہے ہیں اور فوری رسپانس فورس کے طور پر کام کرتے ہیں۔

### ج۔ ضلعی انتظامیہ کی نگرانی

**ڈپٹی کمشنر کی رہائش کی وجہ سے:**

- KMC ٹاؤن میونسپل ایڈمنسٹریشن اور دیگر محکموں سے بھرپور تعاون حاصل ہے۔
- سیکیورٹی کی تعیناتی اور نفاذ کی مسلسل نگرانی کی جاتی ہے۔
- انتظامی مسائل کو فوری طور پر حل کیا جاتا ہے۔

**یہ معاونت اس منصوبے کو مضبوط اور منفرد بناتی ہے۔**

## 5. حکومتی ترقیاتی اقدامات

سیکیورٹی منصوبے کے ساتھ ساتھ حکومت کی جانب سے متعدد ترقیاتی کام بھی شروع کیے جا چکے ہیں:



## پیورز (Pavers) کی تنصیب

تمام بڑے **داخلی و خارجی راستوں** پر نئے پیورز لگائے جا رہے ہیں، جس سے گاڑیوں کی آمد و رفت بہتر اور باقاعدہ ہو گی۔

## روشنی کا نظام بہتر بنانا

بلاک کے 14 راستوں پر اسٹریٹ لائٹس کی بہتری اور نئے یونٹس کی تنصیب کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔

## بلدیاتی معاونت



- سڑکوں کی بہتری
- نکاسی آب کی صفائی
- دیواروں و باڑھ کی مرمت
- **گیٹس اور بیریئرز** کے لیے ضروری انتظامات

**یہ تمام اقدامات سیکیورٹی منصوبے کو مضبوط بناتے ہیں۔**

# 6. سیکیورٹی پلان کی تفصیل

---



- 14 داخلی و خارجی راستوں پر باقاعدہ سیکیورٹی
- رینجرز گارڈز کی تعیناتی
- اضافی کمیونٹی گارڈز 20
- نظام CCTV تمام راستوں پر
- مرکزی کنٹرول و مانیٹرنگ روم
- رینجرز ہیڈ کوارٹرز کا بیک اپ
- شاہین فورس پولیس گشت
- گیٹس اور بیریئرز کی تنصیب

**یہ پلان 24/7 مؤثر اور ہمہ جہتی سیکیورٹی فراہم کرے گا۔**

## 7. ماہانہ سیکیورٹی اخراجات

| Details | | Qty | Rate | PKR |
|---|---|---|---|---|
| **1) Rangers Guards** | الف۔رینجرز گارڈز | | | |
| Rangers Guards (52 Guards) | | 52 | 40,000 | **2,080,000** |
| SRB Tax | | | 20% | **416,000** |
| | | | | |
| **2) Additional Community Guards** | ب۔اضافی 20 گارڈز | | | |
| Rangers Guards (20 Guards) | | 20 | 20,000 | **400,000** |
| | | | | |
| **3) Motorcycle Fuel** | ج۔موٹرسائیکل فیول | | | |
| Fuel for Patrolling Motorcycles | | | | **30,000** |
| | | | | |
| **4) Food** | د۔گارڈز کا کھانا | | | |
| Food for Guards | | 72 | 9,000 | **648,000** |
| | | | | |
| **Grand Total** (PKR) | کل ماہانہ خرچ | | | **3,574,000** |

## 8. ایک مرتبہ ہونے والے انفراسٹرکچر اخراجات

| Details | Qty | Rate | PKR |
|---|---|---|---|
| **1) Entry Gates & Barriers** | 1. داخلی وخارجی راستوں کے گیٹس وبیریئرز | | |
| Entry Gates & Barriers (14 Entry Points) | 14 | 120,000 | **1,680,000** |
| | | | |
| **2) CCTV Cameras (ANVR*)** | 2. CCTV سسٹم (ANVR) | | |
| CCTV Cameras (24 Hours Monitoring) | 14 | 500,000 | **7,000,000** |
| | | | |
| **3) Control Room Setup** | 3. کنٹرول روم سیٹ اپ | | |
| Control Room and Administration Office | | | **150,000 – 300,000** |
| | | | |
| **4) ID Cards & Stickers** | 4. اسٹیکرز وکارڈز | | |
| Residents ID Cards and Car Stickers | | | **10,000** |
| | | | |
| **5) Community Material** | 5. پرنٹنگ وکمیونٹی میٹیریل | | |
| Community Material (Printing, Awareness) | | | **50,000** |

* **ANPR** = *ANVR Camera, refers to a Network Video Recorder (NVR), are part of Security Camera System or an **Automated Number Plate Recognition** (ANPR) camera used for **Vehicle Identification**.*

## 9. ریونیو ماڈل

### الف۔ رہائشی یونٹس کی شراکت

| | |
|---|---|
| ▪ Monthly Contribution (per household): **Rs. 5,000** | روپے ماہانہ 5,000 |
| ▪ Expected Contributors: **650 houses** | متوقع 650 گھرانے |
| ▪ Total Residential Revenue: **Rs. 3,250,000** per month | کل ماہانہ آمدنی: 3,250,000 روپے |

### ب۔ کمرشل یونٹس

| | |
|---|---|
| ▪ Monthly Minimum: **3 × Residential Contribution** | کم از کم 3 گنا |
| ▪ Commercial Contribution: **Rs. 15,000** per unit | روپے ماہانہ فی یونٹ 15,000 |

### ج۔ ڈونر کیٹیگری

| | |
|---|---|
| ▪ For higher contributions by willing individuals | اضافی تعاون کے خواہشمند افراد کے لیے |

### د۔ اسٹارٹ اپ فلوٹ

| | |
|---|---|
| ▪ Ideal Buffer: **2 Months** of Expenses | دو ماہ کی مجموعی رقم ریزرو رکھنا مناسب ہوگا۔ |

## ایسوسی ایشن کا ڈپارٹمنٹل اسٹرکچر .10



| | | |
|---|---|---|
| **Administration** | ایڈمنسٹریشن ڈپارٹمنٹ | 1 |
| **HR Department** | ایچ آر ڈپارٹمنٹ | 2 |
| **Accounts & Finance** | اکاؤنٹس و فنانس ڈپارٹمنٹ | 3 |
| **Audit** (3rd Party) | آڈٹ (تھرڈ پارٹی) | 5 |
| **Women Wing** | ویمن وِنگ | 6 |
| **Public Awareness** (Temporary) | پبلک اویئرنیس ڈپارٹمنٹ (عارضی) | 7 |
| **Revenue Collection** (Temporary) | ریونیو کلیکشن ڈپارٹمنٹ (عارضی) | 8 |


**یہ ڈھانچہ کمیونٹی کے معاملات کو ادارہ جاتی انداز می**

## علاقے کے فوائد .11

اس منصوبے سے بلاک 13 کے رہائشیوں کو درج ذیل نمایاں فوائد حاصل ہوں گے:

### الف۔ مثالی سیکیورٹی

- رینجرز گارڈز + ہیڈ کوارٹرز بیک اپ
- شاہین فورس پولیس گشت
- ریگولیٹڈ انٹری/ایگزٹ
- CCTV کوریج
- فوری ایمرجنسی رسپانس
- جرائم اور مشتبہ سرگرمیوں میں نمایاں کمی



### ب۔ مضبوط کمیونٹی نیٹ ورک

- رہائشیوں میں باہمی رابطہ اور یکجہتی
- ویمن وِنگ اور یوتھ کی شمولیت
- اجتماعی نگرانی اور تعاون



### ج۔ حکومتی ترقیاتی کام

- نئے پیورز
- روشنی کا نظام
- بلدیاتی بہتری
- (صاحب کی رہائش کی وجہ سے DC) انتظامی معاونت

### د۔ انتظامی برتری

:ڈپٹی کمشنر کی اسی بلاک میں رہائش کی وجہ سے:

- فوری حکومتی مدد
- پولیس اور رینجرز کی ترجیحی توجہ
- مسائل کا تیز ترین حل
- علاقہ ضلعی سطح پر ہائی ویلیو اسٹیٹس رکھتا ہے



### ہ۔ جائیداد کی قیمت میں اضافہ

سیکیورٹی بہتر ہونے، داخلے ریگولیٹ ہونے اور انفراسٹرکچر مضبوط ہونے کے بعد:

- گھروں کی مالیت میں نمایاں اضافہ
- مارکیٹ ڈیمانڈ بڑھ جائے گی
- بلاک 13 کی ریٹنگ اور وقعت بڑھے گی

### و۔ ماڈل بلاک کا درجہ

بلاک 13 کو:

- سیکیورٹی
- صفائی
- نظم و ضبط
- قانون نافذ کرنے والے اداروں کی بھرپور موجودگی
- اور کمیونٹی اسٹرکچر

کے باعث نمائندہ ماڈل بلاک قرار دیا جائے گا۔



مزید معلومات کے لیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| اسلم رینجر | 0333-2129495 | محمد ہاشم | 0331-2878345 |
| فاروق کھٹورا | 0321-2100052 | ولی حسین | 0300-2973865 |
| عمران حسین | 0311-5599013 | علی حسین | 0S336-2173921 |




بلاک 13 کے رہائشی اقدام کے بارے میں مزید
جاننے کے لیے اسکین کریں۔

## ہمارے ساتھ شامل ہوں!

آیئے اپنے بلاک 13 کو، کراچی کے محلوں کے لیے ایک معیار بنائیں

© All Rights Reserved | Block 13 Federal B Area Residents Welfare Association